# کوویڈ۔۱۹ کی وبا کے دنوں میں

# کمیونٹی سطح پر نگرانی

ڈاکٹر عبدالرحمٰن پیرزادو

ایم بی بی ایس، ڈی سی ایچ، ایم پی ایچ

# حدف

کمیونٹی میں کام کرنے والے صحت

کارکنان کیلئےکوویڈ۔۱۹ کی  وبا کے

دنوں میں نگرانی کے متعلق بنیادی آگاہی۔

مقاصد:

اس گفتگو کے بعد شرکا اس بات کا اعادہ کر سکیں گے کہم

*کوویڈ ۔۱۹ کی کمیونٹی کی سطح پر نگرانی کیا ہے ۔

وبا کے دنوں میں کمیونٹی سطح پر نگرانی میں صحت

*کارکن کا کردار۔

*کمیونٹی سطح کی نگرانی کن حالات میں کی جاتی ہے۔

*کمیونٹی سطح کی نگرانی کیوں کی جاتی ہے۔

*معلومات کی رسائی۔

# انتباہ



کمیونٹی میں کوویڈ ۔١٩ کی نگرانی

کے متعلق یہ بات چیت بالکل بنیادی

آگاہی ہے۔

اسے پیشہ ورانہ تربیت یا اس کا

متبادل نہ سمجھا جائے۔

# کووڈ کی کمیونٹی سطح پر نگرانی کیا ہے؟

کمیونٹی میں موجود کسی  فرد کی طرف سے بیماری کی اطلاع رسائی کو کمیونٹی سطح کی نگرانی کہا جاتاہے ۔

کمیونٹی میں تعینات کارکن اپنی روزمرہ کی ذمہ واریوں کے ساتھ، کسی ناگہانی صورت جیسا کی کووڈ وغیرہ کی طاھم اطلاع پنہنچاتے ھیں۔

اس طریقہ سے وہاں پہلے سے موجود کارکن اطلاع رسائی کا اور نگرانی کا کام کرتے۔

# وبا کے دنوں میں کمیونٹی سطح پر نگرانی میں صحت کارکن کا کردار

ایک صحت کارکن کے ناطے کسی بھی کمیونٹی میں پہلے سے موجودگی کی وجہ

سے ہم سے یہ تقاضا کیا جاتا ہے کہ کسی بھی ناگہانی صورت میں ہم نگرانی کی

اضافی ذمہ واری نبھائیں اور اپنے علاقہ سے بروقت بیماری کی اطلاع باہم

پہنچائیں -

ہماری ذمہ واری ہے کے اپنے علاقہ میں روپزیر حالات، بدلتے روئیوں، افواہوں

اور نئی بیماری سے متعلق معلومات اکٹھا کریں اور متعلقہ ساتھیوں کو باہم

# وبا کے دنوں میں کمیونٹی سطح پر نگرانی میں صحت کارکن کا کردار

ہماری ذمہ واری ہوگی کہ ہم معلومات اکٹھا کریں، اس کی ترسیل کو

یقینی بنائیں، معلومات کی تصدیق کریں اور اپنے علاقہ میں معلومات

باہم پہنچائیں۔

اپنے مقامی صحت مرکز جس سے آپ وابستہ ہیں، وہاں سے آپکو اس

کام کی پیشہ ورانہ تربیت مہیا کی جائیگی تاکہ آپ یہ نگرانی کا کام نئی

# کمیونٹی سطح کی نگرانی کن حالات میں کی جاتی ہے

کمیونٹی سطح کی نگرانی تین حالات میں بہت فائدہ مند ثابت ہوتی ہے جب :

١۔ کوئی وبا روپزیر ہو رہی ہو۔

٢۔ معمول کی نگرانی اتنی کارگر نہ ہو کہ بدلتے حالات کا ادراک کرسکے۔

٣۔ دور دراز اور مشکل علاقوں کی نگرنی کرنی پڑجائے۔

حالات جیسے بھی ہوں، کمیونٹی کی شمولیت سے ہی مصدق اطلاع اور افوہوں کے بارے میں معلومات باہم میسر ہوسکتی ہے جس کی بنیاد پر بیماری کا مقابلہ کرنے کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے ۔

# کمیونٹی سطح کی نگرانی کیوں کی جاتی ہے۔

اس سے غیر معمولی حالات کا بہتر انداز میں پتہ لگایا جا سکتا ہے ۔ وبائوں کیخلاف موثر حکمت عملی مرتب کی جا سکتی ہے اور اس سے انسانی زندگیاں بچائی جا سکتی ہیں۔

کمیونٹی سطح کی نگرانی کو استعمال کرتے ہوئے آپ اپنے علاقہ میں روپزیر حالات کا بہتر ادراک کرسکتے ہیں اور ذمہ داران کو وقت پر اطلاع پہنچانے سے مسئلے کا بہتر حل مرتب کیا جا سکتا ہے۔

یہ نہایت ضروری ہے کی کمیونٹی سطح کی نگرانی کو محکمہ کی طرف سے کی

# کمیونٹی سطح کی نگرانی کیوں کی جاتی ہے۔

ناگہانی حالات میں کمیونٹی سطح کی نگرانی سے علاقہ کے باشندوں کو ایسی معلومات تک رسائی ہوتی ہے جو عام رواجی نگرانی کا نظام مہیا نہیں کرتا۔ ایسے میں وبا کے دنوں روپزیر واقعات کی اطلاع متعلقہ افسروں تک نہیں پہنچ پاتی۔

اس طرح کی اطلاع رسانی سے یہ یقین ہوتا ہے کہ اعلیٰ افسران کو کمیونٹی کی حالات کا بخوبی علم ہے اور سب واقعات درج بھی ہورہے ہیں۔

# معلومات کی رسائی

معلومات کی رسائی کے کل تین مراحل ہوتے ہیں

پہلا مرحلا ۔ اندراج

ایسے تمام مریض جو کوویڈ ۔ ۱۹کی جاری کردہ وصف پر اترتے ہیں۔

انکا اندراج کرنا۔

اندراج کسی رجسٹڑ یا فون میسیج یا کسی اور برقی طریقہ سے بھی کیا جا سکتا ہے ۔

اس کا فیصلہ آپ اور  آپ کے افسران مل کر کرینگے۔

# معلومات کی رسائی

دوسرا مرحلہ ۔ اطلاع

معلومات رسانی کے طے شدہ طریقہ سے آپ اپنے صحت مرکز یا اطلاعاتی مرکز کو باہم اطلاعات فراہم کرینگے۔

تیسرا مرحلا ۔ مدد فراہم کرنا

اس مرحلے میں ہمیں اپنی کمیونٹی کو اس ضمن میں مدد فراہم کرنی ہوتی ہے۔

جیسے بچاؤ سے متعلق بنیادی آگاہی۔

قرنطینہ اور آئسولیشن کے بارے میں آگاہی۔

مشکل صورت میں صحیح ہسپتال کے انتخاب میں مدد کرنا۔

# معلومات کی رسائی

صفر رپورٹ یا زیرو رپورٹ

جب ہم کسی بھی نگرانی کے عمل میں معلومات اکٹھا کرتے ہیں تو اس صورت

میں صفر رپورٹ بڑی اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

خاص طور پر وبا کے دنوں میں صفر رپورٹ کی بہت اہمیت ہوتی ہے ۔

# معلومات کی رسائی

افواہوں کی اطلاع

افواہوں کی اطلاع سے مراد ہے آپ جس کمیونٹی میں کام کر رہے ہیں وہاں وبا سے متعلق کس قسم کی افواہیں گردش میں ہیں ۔

آپ کے وسیلے بالا افسران کو کمیونٹی کی سطح پر ہونے والی چہ مگوئیاں اور افواہیں موصول ہوتی ہیں۔

جن کی بنیاد پر ان کے تدارک کیلئے حکمت عملی مرتب کیجاتی ہے۔

باوجود اسکے کہ افواہیں کوئی مصدقہ اطلاع نہیں ہوتیں۔

اس کے باوجود اطلاع دینے والوں اور جن کے بارے میں اطلاع ہوتی ہے دونوں

# شكريه